FRI.23.Feb.2024
VOLUME:19 NO: 51
PRICE: 3=00
Mob:8055362952
Pages:4

waraquetaza.com
hindi.waraquetaza.com
www.facebook.com/waraquetazaonline
waraquetaza.com/E-paper

ناندیڑ

Established: May 1994 قائم شدہ:مئی

RNI No. MAHURD/2006/16935
ناندیڑ اور پربھنی سے علاحدہ ایڈیشن کی اشاعت

بروز جمعہ 23/فروری 2024
جلد:19 شمارہ 51
12/شعبان المعظم 1445ھ
قیمت 3=00 روپے
صفحات: 4

# ورقِ تازہ

THE WARAQU-E-TAZA URDU DAILY
Email:waraquetazadaily@yahoo.co.in- waraquetazadaily@rediffmail.com
HON'RY EDITOR :Mohd.Taqui (M.A,B.Ed) اعزازی مدیر: محمد تقی (ایم۔اے،بی۔ایڈ)










## ایشوریا رائے سے متعلق بیان پر راہول گاندھی کو تنقید کا سامنا

نئی دہلی: راہول گاندھی نے ریاست اتر پردیش کے پریاگ راج میں اپنے حالیہ عوامی خطاب میں 22 جنوری کو ایودھیا میں رام مندر میں منعقدہ پران پرتیشٹھا پروگرام کو لے کر بی جے پی کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ راہول گاندھی نے طنزیہ انداز میں کہا کہ رام مندر کی افتتاحی تقریب کی صدارت وزیراعظم نریندر مودی صاحب نے کی تھی جس میں صرف ارب پتی اور مشہور شخصیات نے شرکت کی تھی۔ میں نے اس تقریب میں کوئی کسان، کوئی مزدور، کوئی عام آدمی نہیں دیکھا لیکن امیتابھ بچن اور ایشوریا رائے جیسے لوگوں کو ضرور دیکھا۔ کانگریس لیڈر کا کہنا تھا کہ ہمارا میڈیا صرف ایشوریا رائے کو ناچتے ہوئے دکھاتا ہے، غریب لوگوں کے بارے میں کچھ نہیں دکھاتا بلکہ ہمارے میڈیا پر 24 گھنٹے نریندر مودی اور امیتابھ بچن کو دکھایا جاتا ہے۔ راہول گاندھی کے اس بیان کے بعد سے اُنہیں شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ گلوکارہ سونا مہاپاترا نے بالی ووڈ اداکارہ ایشوریا رائے سے متعلق بیان پر کانگریس لیڈر راہول گاندھی کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ گلوکارہ سونا مہاپاترا نے اپنی سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ سیاستدان اپنی تقاریر میں خواتین کی بے حرمتی کیوں کرتے ہیں؟ وہ خواتین کی ساکھ کو نقصان پہنچا کر کیا حاصل کرنا چاہتے ہیں؟ گلوکارہ نے کہا کہ پیارے راہول گاندھی! مجھے یقین ہے کہ ماضی میں کسی نے آپ کی اپنی ماں (سونیا گاندھی) اور بہن (پریانکا گاندھی) کی بھی اسی طرح توہین کی ہوگی جیسے آج آپ دوسری خواتین کی توہین کر رہے ہیں۔ سونا مہاپاترا نے مزید کہا کہ آپ چاہے کچھ بھی بولیں، ایشوریا رائے بہت خوبصورت ڈانس کرتی ہیں۔ واضح رہے کہ رام مندر کی افتتاحی تقریب میں ایشوریا رائے نے شرکت نہیں کی تھی بلکہ اس تقریب میں امیتابھ بچن اور اُن کے بیٹے ابھشیک بچن نے شرکت کی تھی۔

## ممبئی: میرا روڈ پولیس نے بی جے پی رکن اسمبلی ٹی راجہ کے جلسہ کو منظوری دینے سے کیا انکار

ممبئی سے متصل میرابھائیندر میں پولیس نے 25 فروری کو ہونے والے ایک جلسے کی اجازت دینے سے انکار کر دیا ہے جس میں تلنگانہ کے بی جے پی رکن اسمبلی ٹی راجہ سنگھ بھی مقرر کی حیثیت سے شریک ہونے والے تھے۔ ایودھیا میں پران پرتشٹھا سے قبل یہاں پیدا ہوئی فرقہ وارانہ کشیدگی اور ماضی میں رکن اسمبلی ٹی راجہ سنگھ کی نفرت انگیز تقاریر کی مثالوں نیز امن وامان کی صورت حال بگڑنے کے اندیشہ کا حوالہ دیتے ہوئے پولیس نے اس جلسۂ عام کی اجازت دینے سے انکار کر دیا ہے۔ واضح رہے کہ ہندو جن آکروش ریلی کے عنوان سے 25 فروری کو میرا روڈ میں ایک جلسۂ عام منعقد کرنے کا اعلان کیا گیا تھا۔ اس کے مقررین میں ٹی راجہ سنگھ کا نام بھی شامل کیا گیا تھا۔

## قابل اعتراض فتویٰ! سہارنپور پولیس کو
# دارالعلوم دیوبند کے خلاف ایف آئی آر درج کرنے کی ہدایت

دیوبند: 22/فروری (ایجنسیز) دارالعلوم دیوبند کی ویب سائٹ پر قابل اعتراض مواد کا حوالہ دیتے ہوئے این سی پی سی آر (نیشنل کمیشن فار پروٹیکشن آف چائلڈ رائٹ) کے چیئرمین نے سہارنپور کے ایس ایس پی کو ایک خط لکھ کر دارالعلوم دیوبند کے خلاف ایف آئی آر درج کرنے کی ہدایت دی ہے۔ بچوں کے حقوق کے لیے کام کرنے والی تنظیم این سی پی سی آر نے پولیس کو دارالعلوم دیوبند کے خلاف ایف آئی آر درج کرنے کی ہدایت دی ہے۔ این سی پی سی آر چیئرمین پریانک قانونگو نے سہارنپور کے ایس ایس پی کو لکھے گئے خط میں کہا ہے کہ دارالعلوم دیوبند کے فتوے میں دہشت گرد تنظیم 'غزوۂ ہند' کا ذکر ہے جو کہ قابلِ اعتراض ہے۔ ہندی نیوز پورٹل 'امر اجالا' کی ایک رپورٹ کے مطابق اپنے خط میں پریانک قانونگو نے لکھا ہے کہ ''دارالعلوم نے غزوہ ہند کو ایک جائز ادارہ قرار دیا ہے۔ اس کی ویب سائٹ پر مبینہ قابل اعتراض مواد کے تعلق سے اتر پردیش حکومت کو کارروائی کرنے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔'' قانونگو کے مطابق ''ویب سائٹ پر جو باتیں لکھی گئی ہیں وہ این سی پی سی آر کے لیے تشویشناک ہیں۔ فتوے میں 'غزوۂ ہند' کے تصور پر بحث کی گئی ہے جو مبینہ طور پر 'ہندوستان پر حملے اور شہادت' کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔'' اپنے خط میں انہوں نے جوینائل جسٹس ایکٹ 2015 کی دفعہ 75 کی مبینہ خلاف ورزی کا الزام بھی عائد کیا۔ قانونگو کے مطابق ''دیوبند کا فتویٰ بچوں میں اپنے ہی ملک کے خلاف نفرت کے جذبات پیدا کر رہا ہے۔ اس سے بچوں کو غیر ضروری ذہنی اور جسمانی تکلیف ہو رہی ہے۔'' انہوں نے سی پی سی آر ایکٹ 2005 کے سیکشن 13(1) کے تحت کارروائی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ''دارالعلوم کی ویب سائٹ پر اس طرح کے مواد کی اشاعت نفرت کو ہوا دے سکتی ہے۔'' انہوں نے مزید کہا کہ ''اس طرح کے قابل اعتراض مواد کی تشہیر سے پیدا ہونے والے کسی بھی منفی صورت حال کے لیے ضلعی انتظامیہ کو ذمہ دار ٹھہرایا جا سکتا ہے۔'' پریانک قانونگو نے سہارنپور کے ایس ایس پی کو 3 دن کے اندر کارروائی سے متعلق رپورٹ پیش کرنے کے لیے کہا ہے اور تعزیرات ہند و جوینائل جسٹس ایکٹ 2015 کے تحت کارروائی کرنے کی بھی اپیل کی ہے۔



## ترنمول قائد شیخ شاہجہاں کے بھائی سراج الدین کی املاک کو آگ لگادی گئی

کولکتہ: 22/فروری (ایجنسیز) مغربی بنگال کے سندیش کھالی میں جمعرات کی دوپہر تازہ کشیدگی پیدا ہوگئی جب برہم دیہاتیوں نے مفرور ترنمول کانگریس لیڈر شیخ شاہجہاں کے چھوٹے بھائی شیخ سراج الدین کی املاک کو آگ لگادی۔ برہم دیہاتیوں نے سندیش کھالی میں ایک مقامی پلے گراؤنڈ پر مبینہ طور پر دوبارہ اپنے قبضہ میں لے لیا جس پر مفرور لیڈر اور اس کے ساتھیوں نے زبردستی قبضہ کرلیا تھا۔ شیخ سراج الدین کی جائیداد جسے برہم دیہاتیوں نے آگ لگادی وہ ایک گودام تھا۔ دیہاتیوں نے الزام لگایا کہ وہ کھیت جہاں یہ گودام قائم کیا گیا تھا' ان کی اراضی پر بنایا گیا تھا اور ترنمول لیڈر اور اس کے رشتہ داروں نے اس پر ناجائز قبضہ کرلیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ سراج الدین نے کھیت پر نمک کا پانی چھوڑتے ہوئے اس کی زرخیزی کو برباد کرنے کے بعد زرعی اراضی پر قبضہ کرلیا تھا۔ سندیش کھالی مچھلیوں کی افزائش کے فارمس کی کثرت کے لئے جانا جاتا ہے۔ ایسے زیادہ تر فارمس شاہجہاں اور اس کے ساتھیوں کی ملکیت تھے۔ مقامی عوام کا الزام ہے کہ ایسے زیادہ تر فارمس غیر قانونی طور پر قائم کئے گئے تھے۔ بعض دیہاتیوں نے یہ بھی الزام عائد کیا کہ سراج الدین کے ساتھیوں نے یہ جگہ چھوڑنے سے پہلے مقامی عوام کو سنگین نتائج کی دھمکی دی تھی۔ کارگزار ڈائرکٹر جنرل پولیس راجیو کمار کے ضلع میں سیکوریٹی انتظامات کا جائزہ لینے کے بعد کولکتہ واپس ہونے کے چند ہی گھنٹوں بعد سندیش کھالی میں دوبارہ کشیدگی پیدا ہوگئی۔ انہوں نے جمعرات کی صبح کولکتہ روانہ ہونے سے پہلے کہا تھا کہ انہوں نے عوام سے قانون اپنے ہاتھ میں نہ لینے کی اپیل کی ہے۔ بہرحال انہوں نے شاہجہاں کی گرفتاری کو یقینی بنانے کے بارے میں کوئی وعدہ نہیں کیا۔

## منی پور میں تشدد کا سبب بننے والے حکم میں ہائی کورٹ نے کی ترمیم

منی پور ہائی کورٹ نے میتئی طبقے کو درج فہرست قبائل (ST) میں شامل کرنے کے اپنے 2023 کے حکم میں ترمیم کی ہے۔ ہائی



کورٹ کا کہنا ہے کہ اس فیصلے سے ریاست میں ذات کی بنیاد پر بدامنی بڑھ سکتی ہے، اس لیے وہ اپنے فیصلے میں ترمیم کر رہی ہے۔ واضح رہے کہ اس حکم کے بعد ریاست میں میتئی اور کوکی طبقے کے درمیان زبردست تشدد پھیل گیا جس کے نتیجے میں اب تک 200 سے زائد لوگ مارے جا چکے ہیں۔ ہائی کورٹ کے اس فیصلے کے بعد ریاست میں کافی احتجاج ہوا تھا، جس کے بعد عدالت میں نظرثانی کی درخواست دائر کی گئی تھی۔ اس درخواست میں عدالت سے اپیل کی گئی تھی کہ وہ اپنے حکم کے پیراگراف 17(3) میں ترمیم کرے۔ اس نظرثانی کی درخواست پر سماعت کرتے ہوئے عدالت نے اپنے ہی فیصلے میں ترمیم کر دی ہے۔ 27 مارچ 2023 کے اپنے فیصلے میں منی پور ہائی کورٹ نے ریاستی حکومت کو ہدایت دی تھی کہ وہ میتئی کمیونٹی کو شیڈول ٹرائب (درج فہرست قبائل) کا درجہ دینے پر غور کرے۔ عدالت کے اس فیصلے کے بعد سے ہی ریاست میں بڑے پیمانے پر تشدد بھڑک اٹھا جس کا دھواں ہنوز رہ رہ کر اٹھتا رہتا ہے۔ 3 مئی کو آل ٹرائبل اسٹوڈنٹس یونین منی پور (اے ٹی ایس یو ایم) نے قبائلیوں کا 'اتحاد مارچ' نکالا تھا۔ یہ مارچ چراچند پور کے علاقے توربنگ سے نکالی گئی جس کے بعد تشدد پھوٹ پڑا۔

## جو کسان ہمیں کھانا کھلاتے ہیں ان پر پیلٹ گن کیوں چلائی جارہی ہے؟ اسدالدین اویسی

حیدرآباد: 22/فروری (ایجنسیز) آل انڈیا مجلس اتحادالمسلمین کے سربراہ اسدالدین اویسی نے کسانوں کو دہلی مارچ سے روکنے کے لیے پنجاب-ہریانہ سرحد پر کیے گئے انتظامات اور ان پر پیلٹ گن کے استعمال کے خلاف احتجاج کیا ہے۔ نیوز پورٹل 'آج تک' کے مطابق آل انڈیا مجلس اتحادالمسلمین کے سربراہ اور حیدرآباد سے رکن پارلیمنٹ اسدالدین اویسی نے کسانوں کی تحریک کے معاملے میں مرکزی حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ احتجاج کر رہے کسانوں کی حمایت کرتے ہوئے اویسی نے ان کے مطالبات کو درست قرار دیا ہے اور مرکزی حکومت سے ان کے مطالبات پر توجہ دینے کی اپیل کی۔ اسدالدین اویسی نے کہا ہے کہ کسانوں کا ایم ایس پی پر قانون بنانے کا مطالبہ جائز ہے اور اس پر قانون بنایا جانا چاہئے۔ انہوں نے سوامی ناتھن کمیشن کی سفارشات کو نافذ کرنے پر زور دیا اور کسانوں پر درج مقدمات واپس لینے کے مطالبے کی بھی حمایت کی۔ انہوں نے کہا کہ ''کسانوں کے خلاف درج مقدمات واپس لیے جانے چاہئیں۔ اس میں کوئی بھی بڑی بات نہیں۔ مجھے سمجھ میں نہیں آرہا ہے کہ حکومت اس کو اتنا بڑا ایشو کیوں بنا رہی ہے؟'' اسدالدین اویسی نے کسانوں کو دہلی جانے سے روکنے کے لیے کیے گئے انتظامات اور ان پر پیلٹ گن کے استعمال کے خلاف بھی آواز بلند کی۔ انہوں نے کہا کہ ''کسانوں پر پیلٹ گن کا استعمال کیوں کیا جارہا ہے؟ اس طرح اس کا استعمال کرنے سے آپ ان کسانوں کو اندھا کر دیں گے۔ یہ لوگ کسان ہیں جو سب کو کھانا کھلاتے ہیں۔'' واضح رہے کہ کسان ایم ایس پی پر قانونی ضمانت سمیت دیگر کئی مطالبات کے لیے احتجاج کر رہے ہیں۔ کسانوں نے 'دہلی چلو مارچ' کا اعلان کیا ہے لیکن پولیس اور سیکورٹی اہلکاروں نے کسانوں کو پنجاب-ہریانہ سرحد پر روک دیا ہے۔ شمبھو اور کھنوری سرحد پر گزشتہ آٹھ دنوں سے کسانوں اور پولیس کے درمیان ٹکراؤ ہو رہا ہے۔ سرحد پر ڈٹے ہوئے کسانوں نے بدھ (21 فروری) کی صبح دہلی کی طرف مارچ کرنے کی کوشش کی۔ کسانوں نے الزام لگایا ہے کہ اس کے جواب میں ہریانہ پولیس اور نیم فوجی دستوں نے آنسو گیس کے گولے داغے اور پیلٹ گن کا بھی استعمال کیا۔ داتا سنگھ والا بارڈر پر گولیوں سے دو کسان زخمی ہو گئے۔ ان میں سے بھٹنڈہ کے ایک نوجوان کسان شوبھکرن (23) کی موت کی بھی اطلاع ہے۔









